

اللہ کی کاریگری تفصیل میں

مصنف
ہارون یحییٰ

مترجم
محمد نذیر احمد

اللہ کی کاریگری تفصیل میں
مصنف ہارون یحییٰ
مترجم محمد نذیر احمد

ALLAH'S ART OF DETAIL

by
Harun Yahiya
Edited by
Mohd. Nazir Ahmad







EDUCATIONAL
PUBLISHING HOUSE
www.ephbooks.com

978-81-8223-987-6

’’اللہ کی کاریگری تفصیل میں‘‘

’’اللہ کی کاریگری تفصیل میں‘‘

مصنف

ہارون یحییٰ

مترجم

محمد نذیر احمد

ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی

© جملہ حقوق مصنف محفوظ

ALLAH'S ART OF DETAIL

by
Harun Yahiya

Edited by
Mohd. Nazir Ahmad

Year of Ist Edition 2012
ISBN 978-81-8223-987-6

نام کتاب	:	’’اللہ کی کاریگری تفصیل میں‘‘
مصنف	:	ہارون یحییٰ
مترجم	:	محمد نذیر احمد
سنِ اشاعت اوّل	:	۲۰۱۲ء
مطبع	:	عفیف آفسیٹ پرنٹرس، دہلی۔٦

Published by
EDUCATIONAL PUBLISHING HOUSE
3108,Vakil Street, Kucha Pandit, Lal Kuan, Delhi-6 (INDIA)
Ph : 23216162, 23214465, Fax : 0091-11-23211540
E-mail: info@ephbooks.com,ephdelhi@yahoo.com
website: www.ephbooks.com

انتساب

میں اِس ترجمہ کو اپنے بچوں، افشاں، ظفر، فرحین اور مونہ فاطمہ سلمہان کے نام معنون کرتا ہوں، جن کے نزدیک ہر رشتہ کا مان سمان رکھنا ہی، ایک لحاظ سے، عبادت ہے، اور اِن کی زندگیاں، درد دِل کے واسطے پیدا کیا ہے اِنسان کو، کی سچی ترجمان ہیں۔

محمد نذیر احمد

(مترجم)

☆☆

تعارف مصنّف

عدنان اختر جو ہارون یحییٰ کے قلمی نام سے لکھتے ہیں۔ 1956 میں ترکی کے شہر انقراہ میں پیدا ہوئے تھے۔ 1970 کے دہے سے اِنہوں نے کئی ایک کتابیں، عقیدہ سے متعلق، سائنسی اور سیاسی موضوعات پر شائع کرواتے رہے ہیں۔ ہارون یحییٰ بطور اہم موضوعاتی مصنف کے، اِرتقاء پسندوں کے جھوٹے دعوؤں کے پول کھولنے میں اور ڈاروینیزم وکمیونیزم کے درمیان سیاہ گٹھ جوڑ پر اہم کام سرانجام دینے کے لیئے عالمی شہرت کے حامل رہے ہیں۔

مصنف کے تمام کام ایک واحد مشترکہ مقصد رکھتے ہیں۔ تشہیر افکارِ قرآنی، اور قارئین کی حوصلہ افزائی کی خاطر، بنیادی عقائد سے متعلق موضوعات، جیسے اللہ کا وجود اور اُس کی وحدانیت اور بعد کی زندگی کے بارے میں، اور مذہب بیزار انظاموں کے کمزور بنیادوں اور بگڑے ہوئے نظریات کا اِنکشاف کرنا وقت کی اہم ضرورت سمجھتے ہیں۔ اِن کے 300 سے زائد کتابوں میں سے بیشتر کا ترجمہ 63 مختلف زباتوں میں ہو چکا ہے جو اِس بات کا ثبوت ہے کہ مصنف کو دُنیا بھر میں پڑھا جاتا ہے۔ ایک لحاظ سے، اللہ کے فضل وکرم سے، ہارون یحییٰ کے کتابوں کے ذریعہ لوگ 21 ویں صدی میں، امن، اِنصاف اور خوشیاں حاصل کرینگے جیسا کہ اللہ کا وعدہ ہے۔

☆☆

قارئین سے خطاب

ایک خاص باب (Chapter) نظریہ اِرتقاء کے خاتمہ پر مختص کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ نظریہ تمام روحانی فلسفوں کی مخالفت کی بنیاد ہوتا ہے۔ گذشتہ ڈیڑھ سو سالوں کے دوران ڈاروینیزم تخلیق کی حقیقت سے انکار اور اللہ کے وجود کی نفی کرتا رہا ہے، لوگوں کو اُن کے عقیدے سے برگشتہ کرنے اور عقائد سے متعلق دِلوں میں شبہات پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔ ایک لحاظ سے یہ نظریہ اِرتقاء کی ترجمانی کرتا ہے۔

اِس لئے عوام کا ایک اہم فریضہ اور ناگزیر ضرورت ہے کہ سمجھیں کہ نظریہ ارتقاء ایک دھوکہ ہے، اِس کی پہنچ سے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں۔

ہمارے قارئین میں سے چند ہی پاتے ہیں موقعہ پڑھنے کا ہماری کتابوں میں سے صرف ایک ہی کتاب۔ اِس لئے ہم خیال کرتے ہیں کہ یہ مناسب ہوگا۔ رکھ چھوڑیں ہر ایک کتاب میں ایک باب نظریہ اِرتقا پر۔ مصنف کی ساری کتابوں میں، عقیدے سے متعلق مسائل، قرآنی آیات کی روشنی میں سمجھائے جاتے ہیں، اور لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ جانیں اللہ کے الفاظ اور اُن کے لحاظ سے اپنی زندگیاں گذاریں۔

تمام موضوعات جو اللہ کی آیات سے متعلق ہوتی ہیں، اِس طرح سمجھائی جاتی ہیں کہ قارئین کے دِل و دماغ میں شکوک و شبہات یا سوالات کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے۔ پُرخلوص، سادگی اور خوش اسلوب طرزِ تحریر کا استعمال یقین دلاتا ہے کہ کسی عمر کا ہر ایک شخص جو کسی بھی مکتبِ خیال سے وابستہ ہوتا ہے، آسانی کے ساتھ اِن کتابوں کو سمجھ سکتا ہے۔

یہ متاثر کن اور صاف اندازِ بیان ممکن بناتا ہے پڑھ ڈالنے کتابوں کو ایک ہی

نشست میں۔ حتٰی کہ وہ جو سختی سے روحانیت کو رد کرتے ہیں، متاثر ہوتے ہیں اُن حقائق سے جو پیش کئے جاتے ہیں اِن کتابوں میں، اور اِن کتابوں کے متن کی سچائی کو جُھٹلا نہیں پاتے ہیں۔

ہارون یحیٰی کی یہ کتاب اور دوسری تمام کتابیں انفرادی طور پر یا ایک گروپ میں پڑھی اور زیرِ بحث لائی جاتی ہیں۔ وہ قارئین جو کتابوں سے فائدہ کمانا چاہتے ہیں، اِن مباحث کو بہت ہی کارآمد پاتے ہیں کیونکہ وے ایک دوسرے کو اُن کے اپنے کتابوں سے متعلق تاثرات اور تجربات سے آگاہ کر سکتے ہیں۔

علاوہ ازیں، یہ ایک اسلام کی بڑی خدمت ہوتی ہے کہ لوگ طباعت میں معاون ہوں اور اِن کتابوں کو وسیع پیمانہ پر خاص و عام کرنے میں دلچسپی دکھائیں۔ کیونکہ یہ کتابیں اللہ کی خوشنودی کے لئے لکھی گئی ہیں۔

یوں تو مصنف کی سب ہی کتابیں اِیقان سے بھری ہوتی ہیں، اِس لحاظ سے سچے مذہب کو دوسروں تک پہچانے کا سب سے بہتر طریقہ لوگوں کو اِن کتابوں کو پڑھنے کے لئے راغب کرنا اور حوصلہ افزائی کرنا ہوتا ہے۔

اُمید کی جاتی ہے کہ قاری، مصنف کی اور دوسری کتابوں کے آخری صفحات کا بطور خاص مطالعہ کریں گے، جو اِن کے گراں قدر سرچشمہ مواد عقیدے سے متعلق ہوتے ہیں جو نظریہ ارتقاء کی تردید کرتے ہیں۔

یہ سب کتابیں پڑھنے میں فرحت بخش، سبق آموز اور کارآمد ہوتی ہیں اور ہر لحاظ سے قابلِ تحسین بھی......

اِن کتابوں میں بعض دوسرے کتابوں کے برخلاف، تم نہیں پاؤ گے، مصنف کی شخصی رائے زنی کہیں بھی، اور وضاحتیں ناقابلِ بھروسہ ماخذوں پر مبنی نہیں ہوتی ہیں، طرزِ تحریر میں مقدس موضوعات سے متعلق عزت و اِحترام کا بطور خاص خیال رکھا جاتا ہے اور غیر ضروری فضول کے مباحث، جو دماغ میں شبہات اور دِل میں انحراف کا رُجحان پیدا کرتے ہیں، سے اِحتراز کیا جاتا ہے۔

☆☆

مصنف کے بارے میں

عدنان اختر، مصنف، قلمی نام ہارون یحییٰ کے نام سے لکھتے ہیں، انقرہ میں 1956ء میں پیدا ہوئے تھے۔ ابتدائی اور ثانوی تعلیم انقرہ میں مکمل کرنے کے بعد اِنہوں نے آرٹس کی تعلیم اِستنبول کے ممارسنان یونیورسٹی سے اور فلاسفی کی تعلیم اِستنبول یونیورسٹی سے حاصل کی تھی۔1980ء کے دہے سے سیاست، سائنس اور عقیدہ سے متعلق مسائل پر کئی ایک کتابیں شائع کروائی ہیں۔ ہارون یحییٰ نے بحیثیت مصنف اِرتقاء پسندوں کے جھوٹے دعوؤں کی پول کھولنے میں اور فاسیزم وکمیونیزم اور ڈاروینیزم کے درمیان سیاہ گٹھ جوڑ پر اہم کام سر انجام دینے کے لئے کافی عالمی شہرت رکھتے ہیں۔

ہارون یحییٰ کے کام کا ترجمہ دنیا کے 63 مختلف زبانوں میں ہوا ہے۔ جو مجموعی طور پر 55 ہزار صفحات اور 40 ہزار تصویری توضیحات رکھتا ہے۔

اِن کا قلمی نام دو مقدس پیغمبروں کی یاد میں رکھا گیا ہے جنھوں نے عدم عقیدگی کے خلاف جدوجہد کی تھی۔ پیغمبر کی مُہر کتابوں کے cover پر اِس بات کی علامت ہے کہ اُن کے کتابوں کے متن، پیغمبر کے عزم سے منسلک ہے۔ یہ نمائندگی کرتی ہے قرآن کی اور حضرت محمدؐ کی۔ قرآن اور سُنت کی رہنمائی میں مصنف اپنا عین مقصد سمجھتے ہیں کہ تردید کریں ہر بنیادی دہریائی نظریات کی اور رکھے رسول اللہ کے آخری خطبہ کو ہمیشہ پیش نظر تاکہ مذہب کے خلاف اُٹھنے والے اعتراضات کو مکمل طور پر خاموش کرا سکیں۔ آخری پیغمبر، جن کو انتہائی ذہانت اور اکمل اخلاق حاصل ہیں، کی مُہر کو بطور ایک علامت عزم کے رکھتے ہیں، پورا کرنے

رسول اللہؐ کے آخری خطبہ کو، عزم محکم کے ساتھ۔

ہارون یحییٰ کے سارے کام اپنے میں رکھتے ہیں ایک واحد مقصد — تہشیر افکارِ قرآنی — قارئین کی ہمت افزائی کرنا سمجھنے عقیدے سے متعلق بنیادی مسائل، اللہ کا وجود اور اللہ کی وحدانیت، بعد کی زندگی، اور دہریائی نظاموں کے کمزور بنیادوں اور اُن کے بگڑے ہوئے نظریات کو طشت از بام کرنا، ہوتا ہے۔

کئی ایک ممالک میں ہارون یحییٰ کو پڑھا جاتا ہے، انڈیا سے امریکہ تک، انگلینڈ سے انڈونیشیا تک، پولینڈ سے بوسینہ تک، اور اسپین سے برازیل تک، ملیشیا سے اِٹلی تک، فرانس سے بلغاریہ اور روس تک،

اِن کی بعض کتابیں ذیل کی زبانوں میں دستیاب ہیں:- انگلش، فرنچ، جرمن، اِسپانش، اِیٹالین، پُرتگیز، اردو، عرابک، البنینس، چائینیز، سواہیلی، ہاسا، ڈِھیویہی، روسی، سربو۔کروٹ (بوسنین)، پولش، مالے، یوییگر، ترکی، انڈونیشن، بنگالی، ڈانش، اور سویڈش۔ وغیرہ میں۔

اِن کی ساری دُنیا میں قدردانی ہے۔ یہ کتابیں ایک بہترین ذریعہ رہی ہیں کئی ایک لوگوں کے لئے دوبارہ ایمان لانے اللہ پر اور حاصل کرنے بالغ نظری اپنے عقیدہ میں۔

مصنف کی کتابیں اِدراک اور اخلاص اور اِمتیازی طرزِ تحریر کے ساتھ سمجھنے میں آسان، بالراست اثر انداز ہونے میں بے مثل ہوتے ہیں۔ ہر ایک جو اِن کو پڑھتا ہے وہ سنجیدگی کے ساتھ سمجھتا ہے اِن کتابوں کو، اور بیشتر قارئین تائید نہیں کرپاتے دہریت کی یا کوئی بگڑے ہوئے نظریات کی یا مادّی فلاسفی کی، کیونکہ یہ کتابیں تیزی سے اثر انداز ہونے کی، خاطر خواہ نتائج پیدا کرنے کی، اور ناقابل تردید صلاحیتوں کو اُبھارنے کی خاصیت رکھتی ہیں۔ حتیٰ کہ اگر پڑھائی کے عمل کو بدستور جاری رکھا جائے تو وہ ایک جذباتی اِصرار بھی پیدا کرتے ہیں، کیونکہ یہ کتابیں، دہریائی نظریات کو سیدھے اُن کی بُنیادوں سے اُکھاڑ پھینکتی ہیں۔

تمام دورحاضر کے اِنکاری تحریکات اب نظریاتی طور پر شکست فاش سے دوچار ہوچکے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ ہارون یحییٰ کی کتابیں اِس فیلڈ میں اہم ترین کام سرانجام دے

رہے ہیں۔ بے شک یہ نتیجہ ہے قرآن کی ذہانت اور صاف گوئی کا۔ مصنف سادگی سے اِرادہ کرتے ہیں۔ خدمت کرنے کا بطور ایک مقصد کے اِنسانیت کی تلاش میں اللہ کے صراط مستقیم کے لئے۔ اِن کتابوں کی اشاعت میں کوئی مالی نفع کارفرما نہیں ہے۔

وہ جو دوسروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، پڑھنے اِن کتابوں کو، کھولنے اُن کے دماغوں کو اور دِلوں کو اور اُن کی رہبری کرتے ہیں ہونے زیادہ خود سُپرد بندے اللہ کے، گویا کہ کرتے ہیں ایک عمدہ خدمت اللہ کی راہ میں۔

اِس دوران، یہ تضیع اوقات اور توانائی ہوگا، اور اگر اور دوسرے کتابوں کو بڑھاوا دیں جو لوگوں کے ذہنوں میں ابتری پیدا کرتے ہیں، لے جاتے ہیں اُنھیں نظریاتی اختلال (بدنظمی) کی طرف اور جو واضح طور پر نہیں رکھتے کوئی مضبوط اور جامع اثرات دور کرنے لوگوں کے دِلوں کے شبہات کو، ایسے میں کیا تصدیق کرسکیں گے وے سابقہ تجربات سے۔ قارئین پر کتابوں کا اثر انداز ہونا ناممکن ہوجاتا ہے جبکہ کتابوں کا اس طرح ترتیب پانا کہ اُن سے مصنف کی ادبی طاقت پر زور دینا ملحوظ ہوتا ہے، بجائے اِس کے لوگوں کو عقیدہ کھودینے سے محفوظ رکھنے کا بلند تر مقصد پیش نظر ہو۔ یہ بلند تر مقصد ایک بڑا اثر مرتب کرتا ہے ایمان کو مضبوطی سے قائم رکھنے میں۔

وے جو اِس پر شک کرتے ہیں، دیکھ سکتے ہیں کہ ہارون یحییٰ کی کتابوں کا مقصد، بداعتقادی پر قابو پانا اور تشہیر افکار قرآنی ہے۔ کامیابی اور اطلاق ظاہر ہوتا ہے قارئین کے اعتقاد میں۔

ایک بات ہمیشہ دماغ میں رکھنی چاہئے کہ لوگوں کی کثیر تعداد کے لئے ظلم، برائیاں اور دوسرے خوفناک واقعات کو برداشت کرنے کی اہم وجہ بداعتقادی کے نظریات کا پھیلاؤ ہے۔ یہ سب معاشرے کی بُرائیاں، بداعتقادی کے نظریات کی شکست سے ختم ہوسکتے ہیں۔ جب ہم پہنچاتے ہیں خدائی تخلیق کے، عجوبے، اور قرآنی اخلاقی اقدار اور سائنسی اِنکشافاتی معلومات لوگوں تک، تو لوگ اِن تعلیمات پر عمل کرکے سُکھ اور چین کی زندگی گذار سکتے ہیں۔ اگر دُنیا کی موجودہ حالت پر غور کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہ حالات دنیا کو لے

جارہے ہیں تشدد، بدنظمی اور جھگڑوں کے گہرے بھنور میں، لہٰذا صاف طور سے ہماری آواز کو وقت کی پُکار بنانے کے لئے ہمیں اپنا لائحہ عمل متاثر کن انداز میں تیز رفتاری سے ساری اِنسانیت کے سامنے پیش کرنا ہوگا ورنہ بعد از وقت کی بات ہوجائے گی۔

اِس کوشش میں ہارون یحییٰ کی کتابیں ایک اہم کردار ادا کررہی ہیں۔ اللہ کے کرم سے یہ کتابیں ہوں گی ایک اہم وصیلہ جس کے ذریعہ 21ویں صدی کے لوگ حاصل کرسکیں گے امن، انصاف اور خوشی جیسا کہ قرآن میں وعدہ کیا گیا ہے۔

یوں تو مصنف نے 300 سے زائد کتابیں لکھ چکے ہیں۔ جن میں سے بیشتر کتابیں انگلش اور دیگر زبانوں میں دستاب ہیں۔

تفصیلات کے لئے پتہ ذیل پر موصوف سے رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔

work with us @ harun yahiya.com

مصنف کی کتابوں کی ایک فہرست منسلک ہے۔

1	The Prophet Jesus (as) and Hazrat Mahdi will come this century	2	The Miracle in the cell membrane
3	Miracles within the Molecule	4	The Miracle of Protein
5	In The Name of Allah, The All-Merciful And Most Merciful	6	The Microworld Miracle
7	The Evolution Impasse II	8	The Miracles Of Our Prophet (saas)
9	The Origin Of Birds And Flight	10	what Darwinists Fail To Consider
11	If Darwin Had Known About DNA	12	Communication And Argument In The Qur'an
13	The Human Miracle	14	The Evolution Impass I
15	The Skull That Demolish Darwin	16	Confessions Of The Evolutionists

17 Wisdom And Sound Advice From The Torah
18 Unawareness: A Sly Threat
19 Hazrat Mahdi (Pbuh) Is A Descendant Of The Prophet Abraham (Pbuh)
20 Darwin's Dilemma:The Soul
21 The Light Of The Qur'an Has Destroyed Satanism
22 Templars And The Freemasons
23 Global Impact Of The Works Of Harun Yahya - Vol.2
24 The Cambrian Evidence That Darwin Failed To Comprehend
25 The worst Slander: Idolatry
26 Allah's Art Of Detail
27 Photosynthesis: The Green Miracle
28 Engineering In Nature
29 The Miraculous Machine That works For An Entire Lifetime: Enzyme
30 Potents And Features Of the Mahdi's Coming
31 Allah's Miracles In The Qur'an
32 The Importance Of The Ahl Al-Sunnah
33 Atlas Of Creation-Volume 3-
34 The Miracle Of Electricity In The Body
35 The Miracle Of Termites
36 The Miracle Of The Blood And Heart
37 The Miracles Of Smell And Taste
38 Prophet Jesus (Pbuh): A Prophet, Not A Son, Of God
39 The Intellectual Struggle Against Darwinism
40 The Error Of The Evolution Of Species
41 The Miracle Of The Honeybee
42 The Debased culture Of Superficiality
43 The Transitional Form Dilemma
44 The Collapse Of The Theory Of Evolution In 50 Themes
45 Once Upon A Time There Was Darwinism
46 Atlas Of Creation-Volume 2-

47 The Secrets Of The Hypocrite
48 Commonly Disregarded Quranic Rulings
49 Slanders On Muslims In History
50 The Cell In 40 Topics
51 Those Who Exhaust All Their Pleasures In This Life
52 Signs From The Qur'an
53 The Solution To Secret Sorrows
54 Atlas Of Creation-Volume 1-
55 The Religion Of The Ignorant
56 The Struggle Of The Messengers
57 The Silent Language Of Evil
58 The Evil Called Mockery
59 Self-Sacrifice In The Quran's Moral Teachings
60 The Social Weapon: Darwinism
61 Conciousness In The Cell
62 Charles Darwin And His Magic Barrel
63 Biomimetics: Technology Imitates Nature
64 A Historical Lie: The Stone Age
65 The Miracle Of Migration In Animals
66 How Fossils Overturned Evolution
67 The Holocaust Violence
68 The Miracle In The Cell
69 why Do You Deceive Yourself?
70 The Miracle In The seed
71 Love Of Allah
72 The Prophet Jesus (Pbuh) Did Not Die
73 The Miracle In The Mosquito
74 Prophet Abraham (Pbuh) did Not Die
75 Prophet Solomon (Pbuh)
76 Maryam: An Exemplary Muslim Woman
77 The Pains Of The False World
78 The Secret Behind Our Trials
79 Our Messengers Say
80 A Call For Unity

81 Satan's Sly Game The False religion Of People-worship
82 God's Gentle Artistry
83 Miracle In The Eye
84 Satan: The Sworn Enemy Of Mankind
85 Loyalty Described In The Qur'an
86 Character-Types Of The Unbelivers
87 The Courage Of The Faithful
88 Faith: The Way To Happiness
89 The Signs Leading To Faith
90 Names Of Allah
91 Islam: The Religion Of Ease
92 The Miracle Of Talking Birds
93 A Chain Of Miracles
94 The Hypocrite According To The Qur'an
95 The School Of Yusuf
96 Quick Grasp Of Faith-3-
97 The Signs Of Jesus' (Pbuh) Second Coming
98 A Call For A Turkish-Islamic Union
99 The Religion Of Darwinism
100 The Glad Tidings Of The Messiah
101 The Dark Spell Of Darwinism
102 Fear Of Allah
103 The Importance Of Following The Good Word
104 The Little Man In The Tower
105 New Research Demolishes Evolution
106 Devotion Among Animals Revealing The Work Of God
107 The Holy Quran
108 What The Quran Says About Liars And Their Methods
109 The Muslim Way Of Speaking
110 Passivity In Religion
111 Signs Of God Design In Nature
112 Answers From The Qur'an
113 Signs Of The End Times In Surat Al-Kahf
114 Articles-II-

115 The Day Of Judgement
116 24 Hours In The Life Of A Muslims
117 Stories For Thinking children 2
118 Stories For Thinking Children 1
119 The Miracle Of Creation In DNA
120 An Index To The Qur'an
121 The Rise Of Islam
122 Skillful Dam Builders: Beavers
123 Learning From The Quran
124 Zeal And Enthusiansm Described In The Qur'an
125 Wonders Of Allah's Creation
126 Wonderful Creatures
127 Why Darwinism Is Incompatible With The Qur'an
128 True Wisdom Described In The Qur'an
129 Timelessness And The Reality Of Fate
130 Those Who Do Not Head The Qur'an
131 The World Of Our Little Friends, Ants
132 The World Of Animals
133 The Winter Of Islam And The Spring To Come
134 The truth Of The Life Of This World
135 The Struggle Against 'The Religion Of Irreligion'
136 The Secrets Of The DNA
137 The Qur'an Leads The Way To Science
138 The Prophet Yusuf (as)
139 The Prophet Moses (Pbuh)
140 The Prophet Muhammad (saas)
141 The Perfect Design In The University Is Not By Chance
142 Matter: The Other Name For illusion
143 The Nightmare Of Disbelief
144 The Moral Values Of The Qur'an
145 The Miracle Of The Immune System (Pocket Book)
146 The Miracle Of the Immune System

147 The Miracle Of Human Creation
148 The Miracle Of Hormones
149 The Miracle Of Creation In Plants
150 The Miracle In The Spider
151 The Miracle In The Atom
152 The Miracle In The Ant
153 The Mercy Of Believers
154 The Knights Templars
155 The Importance Of Patience In The Qur'n
156 The Importance Of Conscience In The Qur'an
157 The Golden Age
158 The Glory In The Heavens
159 Existence Of Allah
160 The Evolution Deceit
161 The Errors The American National Academy Of Sciences
162 The End Of times and the Mahdi
163 The Disasters Darwinism Brought To Humanity
164 The Design In Nature
165 The Dark Clan
166 The Creation Of The Universe
167 The Complete Works Of Harun Yahya
168 The Collapse Of The Theory Of Evolution In 20 Questions
169 The Collapse Of The Theory Of Evolution
170 The Basic Concepts In The Qur'an
171 The Arrogance Of Satan
172 The Alliance Of The Good
173 Terrorism: The Ritual Of The Devil
174 Tell Me About The Creation
175 Taking The Qur'an As A Guide
176 Some Secrets Of The Qur'an
177 Solution: The Values Of The Qur'an
178 Sincerity Described In The Qur'an
179 Signs Of The Last Day
180 Seeing Good In All
181 Romanticism: A Weapon Of Satan
182 Quick Grasp Of Faith -2-
183 Quick Grasp Of Faith -1-
184 Prayer In The Qur'an
185 Perished Nations
186 Perfected Faith

187 Paradise The Believers' Real Home
188 Palestine
189 Only Love Can Defeat Terrorism
190 Never Plead Ignorance
191 Never Forget
192 Miracles Of The Qur'an
193 Miracles In Our Bodies
194 Magnificence Everywhere
195 Let's Learn Our Islam
196 Knowing The Truth
197 Justice And Tolerance In The Qur'an
198 The Prophet Jesus (as) Will Return
199 islam Denounces Terrorism
200 Islam And Karma
201 Islam And Buddhism
202 Idealism The Philosophy Of The Matrix And The True Nature Of Matter
203 How Do The Unwise Interpret The Qur'an
204 Hopefullness In The Qur'an
205 Honeybees That Build The Perfect Combs
206 Global Impact Of The Works Of Harun Yahya
207 Global freemasonry
208 General Knowledge From The Qur'an
209 For Men Of Understanding
210 Fascism: The Bloody Ideology Of Darwinism
211 Ever Thought About The Truth?
212 Eternity Has Already Begun
213 Devoted to Allah
214 Deep Thinking
215 Death, Resurrection, Hell
216 Darwinism Refuted
217 Crude Understanding Of Disbelief
218 Communist China's Policy Of Oppression In East Turkestan
219 Communism In Ambush
220 Before You Regret
221 Beauties For Life In The Qur'an
222 Basic Tenets Of Islam
223 Articles -I-
224 Allah's Artistry In Colour
225 Allah Is Known Through Reason
226 A Definitive Reply To Evolution Propaganda

☆☆

فہرست

1 تمہید 23

2 ذہانتی خاکہ۔ دوسرے الفاظ میں تخلیق 25

3 DNA: ایک مایہ ناز، شاندار تخلیق 26

4 کرہ ہوائی۔ ایک مکمل حفاظتی ڈھال: 27

5 Enzymes: ایک تفصیل جو تمام اہم افعال کا ذریعہ بنتے ہیں 29

6 ایک مکھی کی ناقابلِ یقین مرکب آنکھیں 30

7 اِنسانیت کی شانداراور خوشبو کی حِس 31

8 جسم کے بے عیب تحریکی سگنلس 33

9 حیرت انگیز Hatchet fish 34

10 پانی جو ہمیشہ ہماری طرف لوٹتا ہے 35

11 شعاعی ترکیب کا اونچا نظام 36

12 شہد کی مکھیوں کی اعلیٰ تعمیراتی صلاحیتیں 38

13 ذہین Liver (جگر) کے خلیات 39

14 Genes: ایک اہم تفصیل خلیہ میں، تاہم نہ دکھائی دے خالی آنکھ سے 41

15 Amphipods: ایک تفصیلی زندگی سمندروں کی گہرائی میں 42

16 معجزاتی سالمے 43

17 The Big Bang: تخلیق کے ثبوتوں میں سے ایک ثبوت 45

18 اللہ کی زبردست کاریگری ہرسو تمام اشیاء میں پھیلی ہوئی ہے 46

19 معجزاتی طور پر نیا کردہ جسم 48

20 غیر معمولی تفصیلات فضائے بسیطمیں 49

21 اِنسانی بھیجہ کا شاندار اعصابی جال the human brain neural network 50

22 پنکھ جو ایک سکنڈ میں 500 بار مارتے ہیں 52

23 Smell کو سمجھنے کا مکمل نظام 53

24 جراثیم میں اعلیٰ تفصیلات 54

25 آسمان اور زمین میں خوبصورتی 56

26 چیونٹی کا عمدہ اعصابی نظام 57

27 زمین کی جسامت 58

28 اِنسانی آنکھ میں شانداراور حیرت انگیز تفصیلات 59

29 بھیجہ کے اعلیٰ اعصابی خلیات 60

30 معجزاتی جواہر: ہر چیز کے بلڈنگ بلاکس 62

31 ناقابلِ یقین خصوصیات کا حامل بیج 64

32 برق کو سمجھنے کی قابلیت، جاندار میں متاثر کُن تفصیل 65

33 Pituitary Gland اِنسانی جسم کو باقاعدگی دینے والا غدود 66

34 پوری تفصیل جو حفاظت کرتی ہے برفیلے پولار ریچھ کی 67

35 اعلیٰ تفصیلات آنکھوں کے ایک جوڑ میں 69

36 ذائقہ کے حِساس خلیات میں اعلیٰ تفصیل 70

37 پانی: اللہ کی سب سے بڑی نعمتوں میں سے ایک ہے 71
38 اِنسانی بھیجہ کی غیر معمولی توانائی 72
39 جوہر کے تعجب خیز تفصیلات 74
40 ایک مچھّر کے متاثر کن حرارتی Receptors 75
41 Nutcrackers کا عمدہ حافظہ 76
42 جلد: ایک حیرت انگیز تفصیل اور انعام 77
43 پروٹین: خلیہ کی بہت ہی بنیادی تفصیل 79
44 گردوں کا بے عیب تخلیصی نظام 80
45 اہم ترین تفصیلات جو اجازت دیتے ہیں رہنے زندگی کو برفیلے علاقوں میں 82
46 اِنسانی جسم کے خاص صفائی کا یونٹ 83
47 بھیجہ کا غلطی سے ماوٗرا، ترسیلی نٹ ورک 84
48 عمدہ تفصیل سفید شارک کی آنکھوں میں 85
49 ایک واحد خلیہ میں بے عیب نظام 86
50 پیام رساں خلیات میں پرفکٹ تفصیل 88
51 برفیلے گالے: ایک بے مثال معجزہ 90
52 اختتام 91
53 نظریہ اِرتقاء ایک دھوکہ 94
54 سائنسی طور پر ڈاروِنیزم کا خاتمہ 95
55 1) پہلا ناقابل رسائی قدم: زندگی کی ابتداء 96
56 زندگی پیدا ہوتی ہے زندگی سے 97
57 کسی قطعی نقطہ پر نہ پہنچنے والی 20 ویں صدی کی کاوشیں 98

58 زندگی کی پیچیدہ ساخت 99
59 اِرتقاء کا تصوراتی میکانیزم 101
60 Neo-Darwinism اور اصناف میں تبدیلیاں 102
61 Fossil Record میں کوئی نشان درمیانی اشکال کا نہیں پایا گیا 104
62 ڈاروِن کی اُمیدیں بکھر گئی تھیں 105
63 اِنسانی اِرتقاء کی کہانی! 106
64 ڈاروِنین فارمولہ 109
65 آنکھ اور کان کی ٹکنالوجی 111
66 شعور جو دیکھتا ہے اور سُنتا ہے بھیجہ میں کس چیز سے متعلق ہوتا ہے 114
67 ایک مادہ پرست کا عقیدہ! 115
68 نظریہ اِرتقاء دُنیا کی سب سے زیادہ مسحُور کُن طاقت 117
69 Tashihli Resimalti 119

☆☆

تمہید

ہر کوئی، اِس دُنیا اور اَشیاء کے بارے میں، جو اُس کو زندہ رہنے کے قابل بناتے ہیں، احتیاط کے ساتھ صرف چند ایک منٹوں کے لئے غور کرتا ہے، تو وہ پورے طور پر حیرت میں آجاتا ہے۔

ہمارا سیارہ، جو خاص طور پر زندگی کے لئے پیدا کیا گیا تھا فضائے بسیط کے غیر مختتم خلاء میں واقع کئی ایک بڑے کہکشاؤں میں سے ایک میں، اُسی لامحدود خلاء کے اندر مسلسل گردش میں لگا رہتا ہے۔ ہمارا سورج، کائنات کے کڑوروں ہا ستاروں میں سے صرف ایک ہے، بھیجتا ہے اپنی شعاعوں کو ہمارے زمین تک اُسی فضائے بسیط میں۔ نتیجہ میں ہمارا سیارہ زندہ رہتا ہے، اور اِس میں مختلف غذائیں، پانی اور نائٹروجن سائکلس (نائٹروجن کی تثبیت) وغیرہ وقوع پذیر ہوتے رہتے ہیں، اور انسان، حیوان، پودے اور خوردبینی جاندار قابل ہوجاتے ہیں زندہ رہنے بے شمار شرائط کے لحاظ سے جو بنائے رکھتے ہیں اُن کی زندگی کے تسلسل کو ممکن۔ اور لاتعداد تفصیلات باہم مل کر نوع اِنسانی کو پیش کرتے ہیں بہت ہی خوبصورت انداز اور بے عیب طریق میں اِنسانی زندگی کی ضروریات کو، ساتھ ہی خوبصورتی اور اِنعامات سے ساری زندگیوں کو نوازتے ہیں۔

ہر تفصیل جو رکھتی ہے اپنے میں خود کی اپنی ایک ندرت، ہوتی ہے ایک نمایاں اور شاندار تخلیق۔ بعض اوقات، یہ تفصیلات،

اِس قدر اہمیت کی حامل ہوتی ہیں کہ زندگی اُن کے بغیر ختم سی ہوجاتی ہے اور زمین

ایک مردہ سیارہ کے مماثل لگنے لگتی ہے۔ سائنس داں ہر جگہ قریب میں آنے نہیں پاتے پیدا کرنے یا نقل کرنے اِن میں سے اکثر کو، اکیلے پیدا نہ کرسکے وہ بغیر کسی چیز سے۔

اللہ ہی، ہماوقت، اِنسانوں پر اپنے انعامات عطا کرتا رہتا ہے۔

مثال کے طور پر لوگ جو زندہ رہتے ہیں شکر ادا کرتے ہیں اُن کے DNA کا (جنس کی ہر لمحہ نقل کی جاتی ہے)، اُن کے مسلسل بغیر کسی مداخلت کے تنفس کے عمل کا، اُن کے ہمیشہ دِلوں کی دھڑکن کا، ہمیشہ گردش میں لگے زمین کا، جواہر کے، بغیر رُکے حرکت پذیر رہنے کا، اور دوسرے بے شمار تفصیلات کا۔ لوگ شکر ادا کرتے ہیں۔

مختلف اقسام کی غذاؤں کا، سورج کی شعاعوں کا جو زمین کو تازگی بخشتے ہیں، پودوں کا جو شعاعی ترکیب میں مصروف رہتے ہیں، بارش کا، خوردبینی جانداروں کا جو پودوں کو غذا پہنچاتے ہیں، سمندروں کا، اور دوسرے بے شمار انعامات ہوتے ہیں، اسباب، جن کے ذریعہ زندگی زندہ رہتی ہے۔ زمین کا مقام، سورج اور چاند کا وجود، اُن کے زمین سے فاصلے اور اُن کے Milky Way نامی کہکشاں میں اُن کا مقام، اُن کی جسامت، زاویے اور مدار، اور Gases، سالمے، اور جواہر جو وے اپنے میں رکھتے ہیں تمام کے تمام تخلیق کئے گئے ہیں بہت ہی معیاری شکل میں انسانیت کے وجود کے لئے۔ اِنسانیت کی بقا کے لئے۔

لوگوں کو اِن تمام انعامات کے لئے شکر ادا کرنا چاہیے کہ کیسے وے پیدا کئے گئے ہیں اِس قدر بے عیب طور پر، ساتھ میں اُن تمام انعامات کے جو اُن کے مسلسل زندہ رہنے کا تیقن دیتے ہیں اور کس طرح یہ تمام چیزیں یاد دلاتی ہیں ایک بہت ہی اہم سچائی کی:-

یہ قادر مطلق اللہ ہے جو سارے اِنسانوں کو بغیر کسی چیز کے تخلیق کیا ہے، وہ تمام خوبصورتی کو پیدا کیا ہے جو اُن کے اطراف واکناف میں پائی جاتی ہے، اور تمام انعامات کو پیدا کیا ہے جن کے بارے میں وے جانتے ہیں یا نہیں جانتے ہیں۔ وہ مستقل طور پر اِن انعامات میں سے ہر ایک کی تجدید کرتا رہتا ہے، اور ہر ایک میں حیرت ناک تفصیل پیدا کرتا رہتا ہے۔

یہ اللہ کی کاریگری ہے جو اپنے میں ہر تفصیل رکھتی ہے۔

اپنی ہر شک سے بالاتر معلومات کے ساتھ، اللہ نے پیدا کیا ہے نظام مس جن کو

اِنسانی فہم وادراک سمجھنے سے قاصر ہے کیونکہ اِنسان ہنوز اُن کی تفصیلات کا پتہ نہ چلا سکا ہے۔ ہر تفصیل میں پنہاں ہیں، حتیٰ کہ اور ندرت بھری خوبیاں جو آشکار کرتی ہیں اللہ کی بڑائی، عظمت اور طاقت کو، یہ بہت ہی آسان بات ہوتی ہے قادرِ مطلق اللہ کے لئے، جو پیدا کرتا ہے ہر چیز کو بغیر کسی چیز کے، قائم کرتا ہے ایک قدر تمام اشیاء پر اپنی مرضی کے مطابق، اور وہ رکھتا ہے طاقت پیدا کرے اُنھیں جب کہ وہ ایسا کرنا چاہتا ہے۔ اگر وہ چاہتا ہے، وہ ختم کر سکتا ہے اُن تمام کو جب کہ ابھی اُنھیں تخلیق کر رہا ہوتا ہے۔ ہمارا فریضہ ہے کہ ہم اُس کا شکریہ ادا کریں اِن تمام غیر مشروط انعامات کے لئے، جو ہم پر وہ ہمیشہ انعام کرتا رہا ہے۔ اور ہم کو جاننا چاہیے کہ ہم کو اُس کی ہمیشہ ضرورت ہے، اور ہم کو صرف اِس سے ہمیشہ رُجوع رہنا چاہیے۔ یہ کتاب کوشش کرتی ہے یاد دلانے کی لوگوں کو یہ اہم سچائی کو، جس کو اللہ نے اِظہار کیا ہے قرآن میں:

’’اللہ کی پاکی بیان کرتا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں، اور وہی ہے زبردست حکمتوں والا، اُسی کے لئے ہے حکمرانی آسمانوں اور زمین کی، اور وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے اور وہ سب کچھ کر سکتا ہے، وہی ہے سب سے پہلا اور سب سے پچھلا اور باہر اور اندر اور وہ سب کچھ جانتا ہے، وہی ہے جس نے بنائے آسمان اور زمین چھ دن میں پھر قائم ہوا تخت پر، جانتا ہے جو اندر جاتا ہے زمین کے اور جو اُس سے نکلتا ہے اور جو کچھ اُترتا ہے آسمان سے اور جو کچھ اُس میں چڑھتا ہے، اور وہ تمہارے ساتھ ہے، جہاں کہیں تم ہو، اور اللہ، جو تم کرتے ہو، اُس کو دیکھتا ہے۔‘‘

(سورہ الحدید، 1-4)

☆ ذہانتی خاکہ۔ دوسرے الفاظ میں تخلیق

تخلیق کرنے کی خاطر، اللہ کو تدبیر کرنے کی ضرورت لاحق نہیں ہوتی

یہ بات اہم ہے کہ صحیح ڈھنگ سے لفظ 'Design' کے مفہوم کو سمجھا جائے اگر اللہ نے ایک بے عیب ڈزائن پیدا کیا ہے، تو اِس کا مطلب یہ نہیں ہوتا ہے کہ اللہ نے پہلے ایک پلان بنایا تھا، اور تب اُس کو عمل میں لایا تھا۔ اللہ، آسمانوں اور زمین کا مالک ہے۔ اِس کو کوئی ڈزائن کی ضرورت

لاحق نہیں ہوتی تا کہ جس کسی چیز کو وجود میں لایا جا سکے۔ اللہ ان تمام حد بندیوں سے بہت بلند ہے۔

اللہ کی پلاننگ اور تخلیق دونوں ایک ساتھ، ایک لمحہ پر ہی عملی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ جب کبھی اللہ چاہتا ہے، ایک چیز کو لانا ہوتا ہے، اُس کے لئے کافی ہوتا ہے کہنا، ’’ہوجا‘‘ جیسا کہ قرآنی آیات ہمیں بتاتے ہیں۔ ’’اس کا حکم یہ ہی ہوتا ہے کہ جب چاہے کسی چیز کو تو کہے اِس کو ’ہوجا‘ اور وہ اُسی وقت ہو جائے۔‘‘ (سورہ یٰس، 82)

’’اللہ پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کا اور جب حکم کرتا ہے کسی کام کو تو یہی فرماتا ہے اِس کو کہ ’ہوجا‘ پس وہ ہو جاتا ہے۔‘‘ (سورہ بقرہ، 117)

☆ DNA: ایک مایۂ ناز، شاندار تخلیق

ہر شخص اوسطاً ایک سو کھرب (100 trillion) خلیات اپنے جسم میں رکھتا ہے، ہر خلیہ ایک DNA سالمہ کا حامل ہوتا ہے۔ اور ہر DNA میں 3 ارب مختلف موضوعات سے متعلق معلومات ہوتے ہیں۔ اِس قدر کافی معلومات تقریباً 1000 جلدوں میں سما سکتے ہیں۔ ہر جلد 10 لاکھ صفحات پر مشتمل ہوتی ہے۔ اگر ہم اِن صفحات کو ایک کے بازو، ایک رکھے ہوتے تو وہ قطب شمالی سے خطِ اُستوا تک پھیل گئے ہوتے۔ اور اگر ہم روزانہ 24 گھنٹے پڑھ رہے ہوتے تو پورے جلدوں کو ختم کرنے میں 100 سال درکار ہوتے۔ یہ شاندار معلومات ایک واحد DNA سالمہ میں بند ہوتے ہیں۔ یہ DNA سالمہ ہمارے جسم کے ہر خلیہ میں موجود رہتا ہے، جیسے ایک واحد اُنگلی کے ناخن میں، ایک واحد بال میں بھی موجود ہوتا ہے۔

کیسے یہ سب کچھ ہو سکتا ہے، گویا ایک ناقابل یقین لائبریری سموئی ہوئی ہوتی ہے ہر ایک بال کے ہر ایک خلیہ کے DNA سالمہ میں، جو ہوتی ہے اِس قدر چھوٹی کہ آنکھ سے دکھائی نہ دے سکے؟ اور کس طرح یہ معلومات بہ شکل ایک لائبریری بستہ ہو سکتے ہیں اِن تمام خلیات کے ہر خلیہ میں واقع DNA سالمہ میں (اور ہر بال کے خلیات کے ہر خلیہ میں) موجود (DNA سالمہ میں) رہتے ہیں۔

کیسے ہو سکتا ہے، ایسے سارے معلومات، ہم اپنے طور پر کبھی بھی نہیں لے جا سکتے، لیکن قائم کئے گئے ہیں ہمارے جسموں میں ایک سو کھرب بار؟ کیا اِنسان خود سے یہ سب

کچھ manage کرسکتا ہے؟

کیا کوئی معلوم جدید ٹکنالوجی ایسا حیرت انگیز بحری بیڑہ حاصل کرسکتی ہے؟

کیا یہ شاندار معلومات اِتفاقی طور پر خلیات میں ہو سکتے ہیں؟

واضح طور پر یہ بات مسلمہ ہے کہ علی الحساب واقعات یا انسان اور یا ٹکنالوجی پیدا نہیں کر سکتے ایسا کوئی محیر العقول کام۔ یہ DNA کے سالمہ سے متعلق تفصیلات سائنسی لحاظ سے ثابت ہو چکے ہیں۔ اور یہ حیرت انگیز کام ہمارے جسموں میں اللہ نے کیا ہے، جس کی طاقت پیدا کرتی ہے تمام حیران کن چیزوں کو اُس کی اپنی مرضی کے مطابق۔ آیت پیش ہے:

''ہم نے بنایا ہے آدمی کو ایک مِلے ہوئے بوند سے، اور ہم پلٹتے رہے ہیں اُسی کو، پھر کر دیا اُس کو ہم نے سُننے والا، دیکھنے والا، ہم نے سُجھائی راہ،، یا حق مانتا ہے اور یا ناشکری کرتا ہے۔''

(سورۃ الدھر، 2,3)

☆ کرہ ہوائی۔ ایک مکمل حفاظتی ڈھال:

ایک ذی حیات کے اِس سیارہ پر زندہ رہنے کے لئے، بہت ساری تفصیلات کا ہونا ضروری ہوتا ہے — زمین کا واقع ہونا مخصوص فاصلہ پر سورج سے، ایک خصوصی تپش سلسلہ، کاربن، اُوزون اور واٹر سائکلس، کھاد جو خوردبینی اجسام سے تیار کی جاتی ہے، شعاعی ترکیب، زمین کا مخصوص مائل زاویہ، کشش ثقل اور دوسری قوتیں جو جواہر کو باہم ملائے رکھتے ہیں، اور بہت کچھ، یہ دُنیا کچھ اِس طرح سے بنائی گئی ہے کہ اِن تمام بالا شرائط کا لحاظ رہتا ہے۔ اگر کرہ ہوائی جو زمین کو گھیرے رہتا ہے موجود ہوتا ہے اللہ کی طرف سے، تو زمین پر زندگی محفوظ ہو جاتی ہے۔

اِس معجزاتی سیارہ کے اِن تمام توازن اور تعدیل کو ہٹا دیا جاتا ہے تو زمین پر زندگی ختم ہو جاتی ہے۔

ایک مخصوص سلسلہ تپش اور روشنی اجازت دیتے ہیں ذی حیات کو زندہ رہنے کا روئے زمین پر۔ شعلے پیدا کرنے والی حرارت اور برفیلی ٹھنڈک اور فضائے بسیط کے مہلک شعاعیں کرہ ہوائی سے صرف اُس حد تک تقطیر ہو کر ہم تک پہنچتی ہیں جس حد تک ذی حیات کو زندہ رکھنے کے لئے کافی ہوتی ہیں۔

ایک واحد Solar Burst پیدا کرتا ہے توانائی کی ایک مقدار جو برابر ہوتی ہے ہیروشیما، ناگاساکی میں ڈالے گئے بم کے 100 کروڑ ٹن بم کے۔ شکر ہے کرہ ہوائی کا کہ یہ تباہ کن قوت زمین تک نارمل شکل میں پہنچتی ہے۔

کرہ ہوائی سے گذر کر بھی اگر ایک ہلکا اضافہ رہتا ہے حرارتی Radiation میں، آلٹرا وائلٹ شعاعوں، گمّا شعاعوں اور مائکرو شعاعوں میں، تب زمین پر ذی حیات بچ نہیں پاتے ہیں۔ یہ کرہ ہوائی کی ڈھال، کروڑہا سالوں سے زمین کو محفوظ رکھتی آئی ہے، سورج سے نکلنے والی مہلک شاعوں سے۔

اگر کرہ ہوائی کام کرنا بند کر دے تو کیا دوسرا کوئی اور ڈھال قائم کیا جا سکتا ہے بدلے میں کرہ ہوائی کے؟ کیا کوئی اور طریقہ ہے جانداروں کو زمین پر محفوظ رکھنے کا، محفوظ رکھنے Blazingheat, Lethal Rays کے مُضر اور مہلک اثرات سے؟

کوئی اِنسانی طاقت یا ٹکنالوجی، کرہ ہوائی جیسا بے عیب نظام، آج تک دریافت نہ کر سکی ہے۔

اگر یہ صُورت حال ہو، تو کیسے کوئی منطقی لحاظ سے توقع کر سکتا ہے ایک نئے کرۂ ہوائی وجود میں آسکے اتفاق سے؟

کوئی بھی نہیں ہو سکتا جس کی وجوہاتی طاقتیں پورے طور پر کارکرد ہو اور جو رکھتا ہو بصیرت اور تسلیم کر سکتا ہو ایک بے عیب کام کا امکان، جو اِتفاق کے ذریعہ وجود میں آتا ہو، مگر وہاں کوئی بھی وقت نہیں ہوتا اِس قسم کے انتظاری وقفہ کے لئے، کیونکہ زندگی اولین لمحہ میں ہی ختم ہو جائے گی۔ با الفاظ دیگر، ہمارے سیارہ کا، کرہ ہوائی ''ہوتا ہے ایک حصّہ، اللہ کی شاندار کاریگری کا۔ قادر مطلق اللہ اپنی قدرت کا اِظہار کرتا رہتا ہے تمام اوقات میں۔ آیت پیش ہے:

''اور ہم نے زمین میں اِس لئے پہاڑ بنائے کہ زمین اِن لوگوں کو لے کر ہلنے نہ لگے اور ہم نے اِس زمین میں کشادہ راستے پہاڑوں میں بنا پائے ہیں تاکہ وہ لوگ منزل کو پہنچ پائیں۔ اور ہم نے اپنی قدرت سے آسمان کو مثل ایک چھت کے بنایا ہے جو محفوظ ہے اور یہ

لوگ اِس کی نشانیوں سے اعراض کئے ہوئے ہیں۔" (سورۃ النساء، 31,32)

☆ Enzymes: ایک تفصیل جو تمام اہم افعال کا ذریعہ بنتے ہیں

ایک جملہ پڑھنے کے لئے صرف چند ایک لمحات درکار ہوتے ہیں۔

تاہم اگر جسم کے Enzymes میں سے ایک اپنا تماسی عمل (catatysis کا کام) نہ کر سکے تو پندرہ سو سال بھی کم پڑتے ہیں اُس جملہ کو پڑھنے کے لئے۔

Enzymes، باعمل کرتے ہیں خلیات کو اور شروع کراتے ہیں اور تدریجاً بڑھاتے ہیں تعاملات کو دس ارب کے دس ارب گنا بار۔

اِن کی غیر موجودگی میں، وہ خلیات جو انتظار کر رہے ہوتے ہیں داخل ہونے تعامل میں اور انجام دینے دوسرے تعاملات جو رکھتے ہیں تم کو زندہ، اگرچہ کہ وہ ہوتے ہیں ناواقف ایک دوسرے سے اور ہوتے ہیں ساکن، شروع کرتے ہیں مرنا یکے بعد دیگرے قبل اس کے تم حتیٰ کہ ختم کرتے ہو پڑھنا اِس جملہ کا۔ نتیجہ میں، تم مرجاتے ہو قبل اس کے تم پہنچ پاتے ہو اِس جملہ کے ختم تک-Enzymes، چلاتے ہیں ایک خلیہ کے تمام تعاملات کو۔ اگر وہ Enzymes اپنا تماسی عمل کا کام بند کر دیتے ہیں، تو تعاملات کا دوبارہ ایک ساتھ اور تیز رفتاری سے شروع کرانا بہت ہی مشکل ہو جاتا ہے۔

باوجود آج کی ترقی یافتہ مڈیکل سائنس اور متاثر کن ٹکنالوجی کے، سائنس داں ناکام ہو چکے ہیں پیدا کرنے تقابلی لحاظ سے ایک نظام اِس طرح کا۔

اِرتقاء پسند لوگ دعوٰی کرتے ہیں کہ ایسا یہ ایک شاندار میکانیزم اُبھرا ہے اتفاق سے۔ لیکن باوجود تمام اُن کے معلومات اور ذرائع کے، سائنس داں نہ تو اِس نظام کی نقل کر سکے ہیں اور نہ بنا سکے ہیں کوئی اور تقابلی نظام۔ حقیقت میں، وہ قابل نہیں ہوئے تھے بنانے ایک واحد ماڈل بھی جو تعاملات کروا سکتا ہے اُتنی ہی تیزی کے ساتھ جتنا کہ Enzymes کر پاتے ہیں۔ یہ بات بتلاتی ہے کہ یہ ناممکن ہوتا ہے اِن تمام معجزاتی پروٹینس کے لیئے جو شروع کرتے ہیں اور بڑھاتے ہیں جسم کے کیمیائی تعاملات کو اور انجام دیتے ہیں اہم افعال کو (یعنی تولید، کنٹرول اور نقول کی تیاری)، کیا وے فوری وجود میں آئے تھے لاشعور واقعات

سے، یعنی اتفاقات کے نتیجہ میں۔

اِس لئے، ہر کسی شخص کو ضرورت ہے ظاہر کرنے شکر اللہ کا اِس حقیقت پر کہ اللہ، کائنات اور اُس کی تمام تفصیلات کا مالک ہے، پیدا کرتا ہے ہر شخص کو اور اُس کے جسم کے Enzymes کو۔

"کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کام میں لگائے ہیں تمہارے لئے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور پوری کر دی تم پر اپنی نعمتیں کُھلی اور چھپی، اور لوگوں میں ایسے بھی ہیں جو جھگڑتے ہیں اللہ کی بات میں، نہ سمجھ رکھیں نہ سوجھ اور نہ روشن کتاب ہدایت کے لئے۔"

(سورہ لقمان، 20)

☆ ایک مکھی کی ناقابل یقین مرکب آنکھیں

مکھی اللہ کی ایک شاندار تخلیق ہے، اِس کے پنکھ ایک سکنڈ میں پانچ سو بار مارتے ہیں اور، نتیجہ میں، ایک مایہ ناز اُڑان کی صلاحیت رکھتی ہے۔ حتیٰ کہ مکھی کی آنکھیں زیادہ حیرت ناک ہوتی ہیں، ہر ایک آنکھ اپنے میں ہزار ہا غیر معمولی پیچیدہ عدسے (Lenses) رکھتی ہے۔ ہر ایک آنکھ چار ہزار حصّوں میں بٹی رہتی ہے۔ ہر حصّہ باری باری رکھتا ہے ایک عدسہ جو دیکھتا ہے ایک خیال کسی قدر مختلف زاویہ سے۔ جب ایک مکھی ایک پھول کو دیکھتی ہے، پورا خیال ظاہر ہوتا ہے علیحدہ علیحدہ طور پر اُس کے 8 ہزار عدسوں میں سے ہر ایک میں۔ جب یہ سارے خیال بھیجہ میں پہنچتے ہیں، وہ سب ملکر مثل ایک Jigsaw Puzzle کے اجزاء بناتے ہیں جو نتیجہ میں ایک غیر معمولی نمایاں خیال مکھی کے لئے اُبھرتا ہے۔

یہ ایک غیر معمولی بات ہوتی ہے کہ اِس قدر چھوٹی سی مخلوق رکھتی ہے ہزار ہا عدسے اپنی آنکھوں میں — یہ آنکھیں مکھی کے سر کے دونوں جانب ہوتی ہیں، چونکہ یہ عدسے رکھتی ہیں اِس لئے یہ مرکب آنکھیں کہلاتی ہیں۔ اپنی آنکھ اور اِس کے بھیجہ کا Cerebral System قابل ہوتا ہے ترجمانی کرنے کہ کیا وہ دیکھتی ہے۔

صرف اِس جاندار کا تفصیلی مطالعہ کر کے ہم یہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم مکھیاں یہ مکمل ساخت رکھتی رہی ہیں جب سے کہ وے پہلے پہل تخلیق ہوئے تھے، کیونکہ،

مثل تمام جانداروں کے وہ بھی معجزات ہیں جو تخلیق کئے گئے ہیں اللہ سے، یہ بے مثال عجوبے ہیں تخلیق کے جو زیادہ حیرت زدہ کرتے جاتے ہیں جیسے جیسے تحقیقات ہوتے جاتے ہیں اور اُن کے بارے میں مطالعہ وسیع تر ہوتا جاتا ہے۔ سائنس داں، معلومات اور ٹکنالوجی بے بس ہیں قائم کرنے 8 ہزار عدسوں کو صرف ایک ملی میٹر کے آنکھ کے رقبہ جات میں اور بنانے ہر ایک آنکھ کو قابل دیکھنے کوئی بھی چیز۔

کوئی بھی سائنس داں پیدا نہیں کرسکتا ایک اعصابی نظام جو اجازت دے سکے اِن عدسوں کو حاصل کرنے روشنی کو اور تب بنانے اُس خیال کو اِس قدر بہترین شکل میں اِن حقائق کی روشنی میں، کیا یہ بے عیب ساخت اُبھر سکے گی اتفاق سے؟

''جواب اِس میں شک نہیں کہ 'نہ' ہوگا، کیونکہ اتفاقات پیدا نہیں کرسکتے حتٰی کہ مکھی کے 8 ہزار عدسوں میں سے ایک بھی یا حتٰی کہ ایک واحد پروٹین اِن عدسوں کے اور بے شمار خلیات میں سے ایک خلیہ بھی۔ صرف قادر مطلق اللہ، جو دیکھتا ہے اور مشاہدہ کرتا ہے تمام موجودات کو تمام اوقات میں، پیدا کرتا ہے تمام مخلوقات کو اُن کے مکمل تفصیلات کے ساتھ، آراستہ کرتا ہے ایک ننھی سی مکھی کو اِن تمام معجزاتی صلاحیتوں کے ساتھ، اور انسانوں کو ادراک اور بصیرت عطا کرتا ہے تاکہ وہ سمجھ سکیں اور اِن معاملات واِنعامات پر اللہ کا شکر ادا کرسکیں، جو پیدا کرسکتا ہے، اِس بہتر طریقہ پر، ہر چیز کو۔

آیت پیش ہے: ''اے لوگو، ایک مثل کہی ہے سو اِس پر دھیان دو، جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوائے ہرگز نہ بنا سکیں گے ایک مکھی، اگرچہ سارے جمع ہوجائیں، اور اگر ایک مکھی کچھ چھین لے اُن سے تو وہ چھڑا نہ سکیں اُس سے، گیا گذرا ہے چاہنے والا اور وہ بھی جن کو وہ چاہتا ہے، اللہ کی قدر نہیں سمجھے ہیں، جیسی کہ اُس کی قدر ہے، بے شک اللہ زور آور ہے، زبردست۔''

(سورہ الحج، 73,74)

☆ اِنسانیت کی شاندار اور خوشبو کی حِس۔

ایک کارنیش پھول ہمیشہ مٹھاس سے بھرپور خوشبو دیتا ہے۔

دوسری بار جب تم سونگھتے ہو ایک عطر، تم فوری اِسے پہچان لیتے ہو، کیونکہ، حتٰی کہ

اگر تم صرف سونگھتے ہو کسی چیز کو ایک بار تمہاری زندگی میں، وہ خوشبو ہمیشہ رکھتی ہے اپنی جگہ تمہارے حافظہ میں۔ اِنسانی ناک رکھتی ہے قریب ایک ہزار مختلف خوشبویات کے Receptors۔ اِنسان سمجھ سکتے ہیں دس ہزار سے زائد مختلف Smell اِن مختلف Receptors کے باہمی اتحاد کے ذریعہ۔ جب تم ایک کارنیش پھول کو سونگھتے ہو، سالمے جو تمہیں موقع دیتے ہیں سمجھنے اُس کی مہک کو خوشبوئی Receptors کے اشتراک سے، قائم کرتے ہیں کارنیش کے کوڈ کو۔ یہ Code، جو ایک عرصہ تک تمہارے حافظہ میں رہتا ہے، یاد دلاتا ہے تم کو کہ تم سونگھ رہے ہو ایک کارنیش کو۔ کیا ہوگا، اگر یہ نظام نہ رہے؟ چونکہ ذائقہ کی حِس قریبی طور پر متعلق ہوتا ہے Smell کی حِس سے، عام طور سے Smell جو وجہ ہوتی ہے تمہارے لئے جان پانے کہ ایک غذا کا ٹکڑا خراب ہو چکا ہے اور اُس کو تھوک دینا چاہئے۔ اگر یہ حِس اپنا کام کرنا بند کردیتی ہے، تم قابل نہیں ہوتے ہو سمجھنے اُس ٹکڑے کے پورے ذائقہ کو اور اس طرح سے ناواقف ہوں گے، اس کے خطرے سے۔ تم جان نہیں پاتے ہو کہ آگ تمہارے گھر میں لگ چکی ہے جب تک کہ تم دیکھ نہیں پاتے ہو دُھویں کو، کیونکہ تم قابل نہیں ہوتے ہیں سمجھنے جلتی ہوئی اشیاء کی بُو کو۔ تمہارے اطراف تمام میں معلومات جو ذخیرہ رہتی ہیں تمہارے حافظہ میں، بالکلیہ مشتمل ہوتی ہیں سالموں پر۔ کوئی بھی نہیں رکھتا ضروری معلومات اور طاقت، قائم رکھنے ہزار ہا Smells تمہارے حافظہ میں یا آراستہ کرنے سالموں کو Smells سے اُنھیں بھیجنے کے متعلقہ حصّوں سے، ہم آہنگ بنانے، سوائے اللہ کے، معبود برحق کے۔

صرف اللہ ہے جو مالک ہے تمام زندگیوں کا، یہ سب کچھ کرسکتا ہے۔ صرف وہ پیدا کرسکتا ہے ہزار ہا Smells، سونگھنے کا حِسی نظام، اور حافظہ اور اُس کے کامل خصوصیات۔ آیت پیش ہے:

''اور اُس نے خلقت کے واسطے زمین کو رکھ دیا ہے کہ اِس میں میوے ہیں اور کھجور کے درخت ہیں، جن کے پھل پر غلاف ہوتا ہے، اور اِس میں غلہ ہے جس میں بھوسا بھی ہوتا ہے اور اِس میں غذا کی چیزیں بھی ہیں، سوائے جن واِنس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں سے انکار کروگے۔''

(سورہ رحمٰن، 10-13)

☆ جسم کے بے عیب تحریکی سگنلس

لوگوں کی جلد مستقل طور پر کئی ایک اشیاء سے تماس میں رہتی ہے بدلتے ہوئے طویل المدتی اوقات میں یعنی لباس، گھڑیالیں اور فرنیچر وغیرہ سے اور پھر بھی وے مستقل طور پر اُن کی موجودگی کو نہیں سمجھنے پاتے۔ وہاں پر اس بات کے لئے ایک اہم وجہ ہوتی ہے: ایک وقفہ وقت کا گذرنے کے بعد، جلد کے Receptors عادی ہوجاتے ہیں اُس چیز سے جو کچھ کہ جلد سے مسلسل تماس میں رہتی ہے اور متعلقہ جلد کے Receptors سگنلس کو بھیجہ کو بھیجنا بند کردیتے ہیں۔ یہ شاندار نظام جو رکھتا ہے بے شمار، بے عیب تفصیلات بناتا ہے لوگوں کو قابل رہنے بغیر مسلسل بے آرامی کے ساتھ۔ اگر یہ عادی نظام نہ رہا ہوتا، حتٰی کہ یہ عام چیزیں جیسے لباس کا پہنے رہنا ایک اہم معاملہ ہوتا ہے تعلق خاطر کا مسلسل۔ Receptors کی مستقل حساسیت، کپڑے وغیرہ کی بدل گئی ہوتی ایک روحانی اذیت میں، وقت کے ساتھ ساتھ۔ اور ہم پاتے ہیں اِس بات کو مشکل سمجھنے دوسرے اشیاء سے آنے والے سگنلس کو، جن سے کہ ہم تماس میں ہوتے ہیں۔ لوگ ہوسکتا ہے کہ توجہ دیں ہمیشہ کے لئے کہ کس قدر اُن کے Socks داب رہے ہوتے ہیں اُن کے ٹخنوں کو یا کس قدر اُن کی دستی گھڑی پھسلتی رہی تھی اوپر نیچے اُن کے پیش بازو میں۔ ایسی حالت میں کوئی شخص نہ تو سوسکتا ہے اور نہ آرام کرسکتا ہے مناسب طور پر، مختصر یہ کہ زندگی ہوجاتی ہے، بہت ہی ناخوشگوار۔ جیسا کہ مَس کی حِس ایک انعام اللہ کا، اور ہمارا اِس کے احساس کو وقت کے ساتھ بتدریج کھوتے جانا بھی ہے ایک انعام اللہ کا۔

ایک واحد تفصیل اِنسانی زندگی کو آسان تر بناتی ہے اور مہیا کرتی ہے قابل لحاظ مقدار میں سکون۔ اِرتقاء پسندوں کے تخیلاتی میکانیزمس نہیں رکھتے ہیں کوئی شعور جو جسم کو ہدایت دے سکیں محسوس کرنے یا کب اُسی احساس کے عادی ہوجائیں۔ تاکہ بار بار اِس کا اِحساس نہ ہوسکے۔ صرف ہر لحاظ سے اکمل قادر مطلق اللہ عطا کرتا ہے یہ انعام اور جو سارے

جانداروں کی ضروریات کو پورا کرتا ہے، وہی یہ سب کچھ کرسکتا ہے۔'' اور جو کچھ تمہارے پاس نعمت ہے، سو وہ بھی اللہ کی طرف سے ہے، پھر جب پہنچتی ہے سختی تم پر تو اُسی کی طرف رجوع ہوتے ہو۔'' (سورہ نحل، 53)

☆ حیرت انگیز Hatchet fish

Hatchet Fish، ایک بڑی شاندار تخلیق جو سمندر کی تقریباً ایک ہزار میٹر (3280 فٹ) گہرائی میں رہتی ہے۔ اِس کی بڑی آنکھیں جن کا رُخ اوپر کی طرف ہوتا ہے، مچھلی کو تاریکی میں دیکھنے کے قابل بناتی ہے اور اُسے شکار کرنے کے قابل بناتی ہے، جبکہ مچھلی اِس کے اوپر سے گذر رہی ہوتی ہے۔ اِس Hatchet Fish کو اِس کے اوپر سے گزرنے والے خطرناک آبی جاندار کی دھمکیوں سے بچنے کے لئے بظاہر غائب رہنا ضروری ہوتا ہے۔ اِس کی جسمانی اعلٰی ساخت چپٹی اور چاندی جیسا رنگ رکھتی ہے۔ خطرات سے محفوظ رہنے کے لئے اِس کو Camouflage میں بدل لینا ہوتا ہے یعنی Hatchet Fish ماحول کا رنگ اختیار کرلیتی ہے۔

لیکن یہ مچھلیاں جو زیادہ گہرائی میں رہتی ہیں، اِن کے نیچے سے آنے والے خطرات سے بچاؤ کے لئے، شکر ہے کہ اُن کی بڑی آنکھیں دیگر خطرناک جانوروں کو قریب آنے سے روکے رکھتی ہیں۔ اپنے بچاؤ کی مشکل کو ایک اور بہتر انداز میں حل کرنے کے لئے اُن کے پیٹ میں خصوصی خلیات ہوتے ہیں جو Phatophores کہلاتے ہیں۔ یہ دو کیمیکلس کو قریب لاکر کیمیائی تعامل شروع کراتے ہیں جس کے نتیجہ میں حیاتیاتی روشنی پیدا ہوتی ہے، ظاہرا طور پر یہ روشنی رنگ بدلتے ہوئے اوپر سے نیچے کی طرف چھنتی ہوئی جاتی ہے اور اُسی رنگ میں روشنی نکل پڑتی ہے، جس کے نتیجہ میں نیچے موجود حملہ آور، Hatchet Fish کا سایہ دیکھ نہیں پاتا ہے جب کہ اِس کا سایہ ابھی جانور پر سے گذر رہا ہوتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ تم نے کبھی نہ سُنا ہو اِس مچھلی کے بارے میں یا کیسے وہ نظر آتی ہے یا کیسے وہ زندہ رہتی ہے کے بارے میں علم نہ ہو۔ کیسے اِس کے شاندار خصوصیات تمہارے لئے فائدہ مند ہوتے

ہیں۔ کیا اللہ نے ایسا اِرادہ کیا تھا؟ اللہ پیدا کرسکتا تھا اِس مچھلی کو بغیر تمام اُس کی خصوصیات کے یا اِرادہ کیا ہوتا نہ پیدا کرنے کوئی بھی بے شمار خصوصیات جو اِس کے زندہ رہنے کے لئے ضروری ہوتے۔ اُس کی مخلوقات کی خصوصیات ہوتے ہیں اِنسانوں کے لئے جو بدل سکتے ہیں اِنسانوں کو، دُنیادی خواہشات رکھنے والے غیر مطمئن اور بے چین افراد سے قانع اور خوشحال لوگوں میں عقیدہ اور اُمید کے ساتھ بعد کی زندگی کے لئے۔

یہ کافی ہوتا ہے دیکھنا اُس کے انعامات کو ہر چیز میں اور غور کرنا اللہ کے مطلق وجود کو ایسا واقع ہونے کے لئے۔

ہر خوبصورتی اور تفصیلات اللہ کے ہوتے ہیں، جو وہ مسلسل اُن کو ہم پر نچھاور کرتا رہتا ہے۔

''اور تمہارے تخلیق کرنے میں، اور تمام مخلوقات پھیلا رکھے ہیں، جو ہیں نشانیاں اُن لوگوں کے واسطے جو یقین رکھتے ہیں اللہ پر۔'' (سورۃ الجاثیہ، 4)

☆ پانی جو ہمیشہ ہماری طرف لوٹتا ہے

اللہ لوگوں کو معلومات اور توقعات عطا کرتا ہے وسیع تر میدانوں میں۔ مثلاً دورِ حاضر کی ٹکنالوجی موقع دیتی ہے ہم کو مشاہدہ کرنے Laboratories (معمل خانے) کے ماحول میں کئی ایک اشیاء کی بناوٹ کا۔ پھر بھی چند بنیادی واقعات نہ تو لائے جاسکتے ہیں اور نہ اُن کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے ایسے ماحول میں۔ ایسے بڑے انعامات میں سے ایک ہے، پانی، جو زمین کے بیشتر حصّہ کو ڈھانکے رہتا ہے اور ہماری بہت ہی بنیادی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ زمین کی بناوٹ کے دوران، پیدا ہوا تھا اور تب اِس کا پیداواری دور ختم ہوگیا تھا۔

پانی پیدا کرنے کی خاطر ہیڈروجن اور آکسیجن کے سالموں کو پہلے ایک دوسرے سے متصادم ہونا ہوتا ہے تاکہ اُن کے Bonds کمزور ہوسکیں اور جواہر میں بٹ سکیں۔ یہ ہیڈروجن اور آکسیجن کے جواہر ایک خاص ترکیب میں متحد ہو کر ایک نئے قسم کے سالموں میں بدل جاتے ہیں۔ یہ کئی ایک سالمے مجموعی حیثیت سے پانی کے سالمے کہلاتے ہیں۔ پانی کے سالمہ کا ضابطہ H_2O ہوتا ہے۔

پانی کو بھی H_2O سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ایسا تصادم ایک بہت ہی اونچی تپش اور توانائی کی سطح پر ہی واقع ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ زمین ایک خاطر خواہ درکار اونچی تپش فی الحال نہیں رکھتی کہ پانی کے بننے کا موقع حاصل رہے، اِس لئے کوئی بھی نیا پانی اب بن نہیں سکتا ہے۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ تمام پانی جو وجود رکھتا ہے پیدا کیا گیا تھا کروڑوں سال پہلے زمین کی پیدائش کے دوران۔ بالفاظ دیگر، اِس کی مقدار، کبھی نہیں بدلتی ہے۔ پانی جو ہم پیتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں، ہوتا ہے ہمیشہ ٹھیک وہی پانی، کیونکہ وہ تبخیر کرجاتا ہے اور تب لوٹتا ہے بطور بارش کے۔ اللہ نے اِس چیز کو واضح کیا ہے اپنی آیتوں میں۔

آیت پیش ہے: ''بھلا دیکھو تو پانی کو جو تم پیتے ہو، کیا تم نے اُتارا اِس کو بادل سے یا ہم ہیں اُتارنے والے۔'' (سورۃ الواقعہ، 68,69)

اگر پانی جس کو کہ اللہ نے پیدا کیا ہے تیار حالت میں زمین پر، خشک کردیا جاتا اور غائب ہوجاتا تو کوئی بھی اُس کو واپس نہیں لاسکتا تھا۔

اگر اللہ اِرادہ کرے تبخیری واٹر سائکل کو معطل کرنے کا، تو بارش کبھی دوبارہ نہیں ہوگی۔ مطلب یہ ہوا کہ تمام انعامات ہوتے ہیں اللہ کی طرف سے۔ یہ قادر مطلق اللہ ہے جو مسلسل اُتارتا ہے اپنے انعامات تمام جانداروں کے ضروریات کے لحاظ سے اور جو کچھ کہ وہ پیدا کرتا ہے بغیر کسی چیز کے۔

''اور اُتارا ہے ہم نے آسمان سے پانی خاص مقداروں میں، پھر ٹھہرادیا زمین میں اور ہم اِس کے معدوم کرنے پر بھی قادر ہیں۔'' (سورۃ المومنون، 18)

☆ شعاعی ترکیب کا اونچا نظام

ایک پتہ کو لو اور اُس کا گہرائی سے جائزہ لو۔ اگرچہ کہ وہ بالکلیہ سادہ سا معلوم پڑتا ہے، اِس میں جو تم دیکھ نہیں سکتے، ہوتے ہیں وسیع شاندار کیمیائی طریقہ ہائے عمل جو قابل بناتے ہیں پتہ کو جاری رکھنے شعاعی ترکیب (ضیائی تالیف)، شعاعی ترکیب کے بے شمار ننھے ننھے کارخانے جو خالی آنکھ کو دکھائی نہیں دیتے، پورا کرتے ہیں ایک طریقہ عمل کو سکنڈوں میں جو اِتنا اعلیٰ ہوتا ہے کہ سائنس داں جو اِنتہائی ماڈرن معمل خانے کی سہولتیں رکھتے ہیں

اُس کی نقل نہیں کر سکتے ۔ یہ کیمیائی طریقہ عمل بہت ہی تیز رفتاری سے نظر نہ آنے والی تخلیق کے ایک جز کے طور پر انجام پاتا ہے اور یہ اُن اہم وجوہات میں سے ایک ہوتا ہے کہ کیوں اِنسانیت ہنوز موجود ہے اِس زمین پر؟۔

ہر پتہ کا ہر ایک مربع ملی میٹر اپنے میں پانچ لاکھ کلوروفلس رکھتا ہے۔ یہ کلوروفلس سالمے شعاعی ترکیب کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ اگر ہم اِس سالمہ کے معائنہ کے قابل ہوتے ایک بہت ہی بڑی تفصیل کھُل کر سامنے آتی۔ مثال کے طور پر، تمام شعاعی ترکیب کا طریقہ عمل جو اِس مخصوص سالمہ میں انجام پاتا ہے، واقع ہوتا ہے ایک سکنڈ کے کروڑویں حصّہ میں۔

باالفاظ دیگر، یہ پیچیدہ عمل شروع ہوتا ہے روشنی سے جو پہنچتی ہے پتہ کے پانی میں اور تب حرکت میں لاتی ہے متعلقہ ذیلی جوہری ذرات کو اور بدلتی ہے اُن کے مداروں کو اور یہ عمل 1 کروڑ فی سکنڈ کے حساب سے بار بار دہرایا جاتا ہے۔ اِس کے علاوہ یہ عمل علیحدہ علیحدہ طور پر ہر کلوروفل سالمہ میں ہوتا ہے۔ اگر اللہ اِرادہ کرتا ہے کہ کلوروفل سالمے روک دیں اپنے عملیات کو یا روشنی کی Wave Length کو جو پتی میں داخل ہوتی ہے بدل دیں تو کوئی ذریعہ نہ رہے گا پانے آکسیجن حاصل کرنے کا کاربن ڈائی آکسائیڈ سے جو اِنسان اور حیوان تنفس کے دوران چھوڑتے ہیں۔ یہ غیر منطقی ہوگا توقع کرنا ایک کلوروفل سالمہ جو زندگی کی بقا کے لئے ضروری ہوتا ہے

آئے وجود میں اتفاقیہ طور پر اور ہوا کو صاف کرنے کا عمل شروع کرے اور وجود میں لائے تغذیات کو تمام خود سے۔

یہ حقیقت کہ ایک پودا استعمال کرتا ہے کاربن ڈائی آکسائیڈ اور چھوڑتا ہے آکسیجن ہوتا ہے ایک بڑا معجزہ اِنسانیت کے لئے

یہ غیر معمولی نظام ہوتا ہے ایک انعام اور اچنبے میں ڈالنے والا کام ہے اللہ کا، جو تمام عالموں کا پالنے والا ہے۔

’’اور جو شہر پاکیزہ ہوتا ہے اُس کا سبزہ نکلتا ہے اُس کے رب کے حکم سے اور جو خراب ہوتا ہے اُس میں نہیں نکلتا مگر ناقص، یوں پھیر پھیر کر بتلاتے ہیں اہم آیتیں حق ماننے والوں کو۔‘‘ (سورہ اعراف،58)

☆ شہد کی مکھیوں کی اعلیٰ تعمیراتی صلاحیتیں

جب ایسا موقع آتا ہے بنانے مشترکہ حدود کے مسدس ٹھیک 109°28' زاویوں کے ساتھ، ایک کو ضرورت لاحق ہوتی ہے پرکار اور گُنیوں کی بنانے مختلف زاویوں کے پیمائشات اور ضروری با قاعدگی ترتیب دینے زاویوں کو جو ٹھیک ٹھیک پتہ دے سکیں اِن کی شکلوں کا۔ اِن اوزاروں کی غیر موجودگی میں وہاں ہوتا ہے قابل لحاظ امکان غلطی کا، ساتھ ساتھ ضرورت ہوتی ہے کرنے پاس لحاظ اور دوبارہ اُتارنے مسدسوں کو۔ یہ تمام اغلب ہے کہ لیتے ہیں قابل لحاظ وقت۔ جبکہ یہ سب کچھ ہوتا ہے ایک مشکل مسلہ ہم اِنسان کیلئے، باوجود رکھتے ہیں ہم ذہانت اور شعور کے۔ تو یہی کام کیا جاتا ہے شہد کی مکھیوں کے ذریعہ، جو کوئی ذہانت یا شعور نہیں رکھتے، مگر ایک مہارت اور تسلسل کے انداز میں بغیر کسی آواز کے سب کچھ کر گذرتے ہیں۔ تمام شہد کی مکھیاں بناتی ہیں اپنے چھتے استعمال کرتے ہوئے یہ بے عیب زاویہ واری طریقہ عمل کو۔ اگرچہ کہ کئی سو شہد کی مکھیاں ہوتی ہیں چھتہ کے اطراف تاہم وہاں کوئی تحریف نہیں ہوتی زاویوں میں 109°28' کے اور 70°32' کے جبکہ وہ بنا رہی ہوتی ہیں اُن کے چھتے۔ چھتے بنائے جاتے ہیں لاتے ہوئے اُن کے کناروں کو 13° اندر تک، یہ بناوٹ روکتی ہے شہد کو باہر آنے سے۔

اگر تم چھتہ کے قریب کھڑے ہوتے ہو، جو کچھ کہ تم تمام دیکھتے ہو، وہ ہوتا ہے اُڑتے رہنا شہد کی مکھیوں کا چھتہ کے اطراف۔ تاہم ہر ایک اُن میں سے ایک ماہر ریاضی دان کی طرح جانتا ہے کہ کہاں چپکن کو لگائیں کہ وہ سہارا جا سکے ایک معینہ زاویہ پر۔ یہ سب کیسے ممکن ہے؟ جیسا کہ دیا گیا ہے کہ وے ریاضی کی کوئی جانکاری نہیں رکھتے، کیا وے اتفاقیہ طور پر یہ اکمل چھتہ بنانا سیکھے ہیں؟

کیا اُن میں سے ہر ایک، ہوسکتا ہے کہ لاکھوں سالوں کے دوران پیدا ہوتے رہے ہیں، اِس صلاحیت کے ساتھ اتفاقیہ طور پر۔ ایسی صلاحیت جو اِنسان کبھی Manage نہ کر سکا اتفاقیہ طور پر؟ یہ یقیناً ناممکن ہے ایک شہد کی مکھی کے لئے رکھنا ایک صلاحیت جو اِنسان کبھی بھی حاصل نہ کیا ہوا اتفاقیہ طور پر؟

یہ قادرِ مطلق اللہ ہی ہے جو لامحدود طاقت کا حامل ہے جو پیدا کرسکتا ہے اِن سب مخلوقات کو اُن کی اعلیٰ صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ اور جو اپنے علم کی جوت جگاتا ہے اُن میں کرنے محرالعقول کاموں کو جبلّتی طور پر

آیت پیش ہے:

''اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے جی میں یہ بات ڈالی کہ تو پہاڑوں میں گھر بنالے اور درختوں میں اور جو لوگ عمارتیں بناتے ہیں اُن میں اپنا گھر بنالیں، پھر ہر قسم کے پھلوں سے رس چوستی پھرے، پھر اپنے رب کے راستوں میں چلے جو آسان لگے، اُس کے پیٹ میں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے جس کی رنگتیں مختلف ہوتی ہیں کہ اُس میں لوگوں کے لئے شفا ہے، اِس میں لوگوں کے لئے بڑی دلیل ہے جو سوچتے ہیں۔''

(سورۃ النحل، 68,69)

☆ ذہین Liver (جگر) کے خلیات

